



# خاندانی کتابچہ برائے
# ریاستِ Washington میں ارلی انٹروینشن سروسز

*Individuals with Disabilities Education Act*

(معذور افراد کی تعلیم کا قانُون) *(IDEA)*





Washington State Department of
**CHILDREN, YOUTH & FAMILIES**

جب آپ کو معلوم ہوتا ہے کہ آپ کا بچہ تاخیر کا شکار ہے، تو آپ کو کئی جذبات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آپ خوف محسوس کر سکتے ہیں، ہو سکتا ہے کہ آپ اس بات پر یقین نہ کریں جو آپ کو بتائی جا رہی ہو یا آپ غصہ کریں۔ یہ غیر معمولی جذبات نہیں ہیں اور آپ اکیلے نہیں ہیں۔ دیگر والدین کو بھی ان تجربات یا جذبات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ پوری ریاست میں پھیلے ہوئے ایسے پروگرام موجود ہیں، جو آپ کو دیگر ایسے والدین سے مربوط ہونے میں مدد کر سکتے ہیں، آپ مزید معلومات اور مدد کے لیے اس کتاب کی پچھلی جانب موجود والدین کی مُعانوت کے نمبروں پر کال کر سکتے ہیں۔

## محترم والدین،

مُجھے معلوم ہے کہ اگر آپ کے پاس یہ کتابچہ موجود ہے، تو آپ کو ممکنہ طور پر اپنے بچے کی نشوونما کے بارے میں خدشات ہیں یا آپ کو بتایا گیا ہے کہ آپ کا بچہ نشوونُما میں تاخیر کا شکار ہے۔

مجھے یاد ہے کہ جب میری بیٹی، سوزی، اپنی نشوونماتی تاخیروں کے سے بھری ہوئی اور پریشان محسوس کر رہی تھی۔ مجھے یہ بات تو کیا، کہ خدمات کیسے حاصل کرنی ہیں، ان بہت سارے الفاظ کی ہی سمجھ نہیں آ رہی تھی جو ماہرین نے استعمال کیے۔

ایک مرتبہ جب ہمیں رسوسز مل گئیں، تو کئی مددگار اساتذہ اور تھراپسٹس کے ذریعے اس کی نشوونما میں کافی بہرتی آ گئی۔ میں اس بارے میں بےحد شکر گزار ہوں، کہ آج وہ جِس مقام پر ہے، وہ اُس ارلی انٹروینشن یا ابتدائی مداخلت کی وجہ سے ہے، جو اسے ان اہم ابتدائی سالوں میں ملیں، اس کے عالوہ، دُوسرے والدین کے ساتھ انسلاک اور معلومات کا اشتراک بھی ہمارے خاندان کے لیے اہم ترین چیز تھی۔

میں امید کرتی ہوں، کہ آپ اس کتابچے کو اُن خدمات اور مُعاونتوں کے لیے بطور رہنما کتابچہ استعمال کریں گے جن کی آپ کے خاندان کو ضرُورت ہے۔

***Cassie***، والدہ





# مندرجات


تعارُف........................... 2.

ارلی انٹروینشن یا ابتدائی مداخلت سے کیا مُراد ہے؟............. 3.

اگر میرے پاس اپنے بچے کی نشوونما کے متعلق سوالات
ہوں، تو کیا ہو گا؟ ................................ 4.

Washington میں ارلی انٹروینشن کے لیے کون اہل ہے؟.......... 5.

اُس کے بعد کیا ہوگا؟................................ 6

تِین 3 سال کی عُمر پر کیا ہوگا؟.............................. 7.

Individuals with Disabilities Education Act
(معذورافراد کی تعلیم کے قانُون) (IDEA) کے تحت میرے
حُقوق کیا ہیں؟ (طریقِ کارکے حِفاظتی اقدامات) ................ 8

اگر میں اپنے بچے یا خاندان کی خِدمات کے حوالے
سے کسی فیصلے سے اتفاق نہ کروں، تو کیا ہو گا؟............ 10.

میں مزید مدد یا معلومات حاصل کرنے کے لیے کہاں
جا سکتا/سکتی ہوں؟................................ 11

مَیں مزید شمُولیت کیسے اِختیار کرسکتا/سکتی ہُوں؟ ........... 12.

اِس کا کیا مطلب ہے؟ (فرہنگ)........................ 13.

اظہارِ تشکر................................. 14.

# تعارف

"جب میرا بیٹا چھ ماہ کا تھا، وہ اس وقت تک بھی سیدھا بیٹھ نہیں سکتا تھا۔ مَیں سمجھی کہ شاید مَیں کچھ غلط کر رہی تھی۔ میں اسے اپنے ڈاکٹر کے پاس لے کر گئی، جس نے ایک ارلی انٹروینشن پروگرام سے مُنسلک ہونے میں میری مدد کی۔ اب میرے بیٹے کو ایسی خِدمات موصول ہو رہی ہیں، جو واقعی مددگار ہیں۔ وہ اچھی پیش رفت کر رہا ہے اور میں اس بارے میں مزید سیکھ رہی ہوں، کہ میں کیا کر سکتی ہُوں۔ مُجھے اب معلوم ہے کہ ایسا نہیں تھا کیونکہ مَیں کُچھ غلط نہیں کررہی تھی کہ ایان دُوسرے بچّوں کی طرح جلدی جلدی چیزیں نہیں کرسکتا تھا"۔

***Heather*، والدہ**



**اِس رہنُما کتابچے کا بُنیادی مقصد** یہ ہے کہ آپ کو اور آپ کے خاندان کو ریاستِ Washington Department of Children, Youth, and Families (شعبۂِ اطفال، نوجواں اور خاندان) Early Support for Infants and Toddlers (DCYF) (شیرخواروں اور نونہالوں کے لیے ابتدائی مُعانوت کے پروگرام) (ESIT) کے بارے میں ایک تجزیہ فراہم کیا جائے۔ ای ایس آئی ٹی (ESIT) پروگرام میں آپ کے خاندان کی شرکت آپ کا اپنا اِنتخاب ہے۔ اگر آپ کا بچّہ ای ایس آئی ٹی (ESIT) پروگرام کے لیے اہل پایا گیا، تو آپ کے بچے اور خاندان کے لیے ارلی انٹروینشن سروسز دستیاب ہوں گی تاکہ آپ کے بچّے کی نشوونُما میں تاخیر پر غور اور اُس کا حل نکالا جاسکے۔

یہ رہنُما کتابچہ، ای ایس آئی ٹی (ESIT) پروگرام کے بارے میں آپ کو عمومی اور اہم معلومات فراہم کرتا ہے، جس میں آپ کے بطور والدین حقوق میں سے کُچھ حقوق کی ایک فہرست شامل ہے۔ آپ اور آپ کے خاندان کو دستیاب پروسیجرل سیف گارڈز/ والدین کے حقوق کے بارے میں ایک مکمل اور مزید تفصیلی بیان ، ایک الگ دستاویز میں فراہم کیا گیا ہے، جس کا نام Individuals with Disabilities Education Act (معذور افراد کی تعلیم کا قانون) (IDEA) حصّہ سی طریق کار کے حفاظتی اقدامات (والدین کے حقوق)" ہے۔ جبکہ آپ اس رہنما کتابچے کا مطالعہ کررہے ہیں تو، آپ کا family resources coordinator (فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر) (FRC) یا ای ایس آئی ٹی (ESIT) پروگرام سے متعلق کوئی شخص اس پروگرام کے متعلق اُن سوالات کے حواب دے سکتا ہے جو آپ کے ذہن میں ہوسکتے ہیں۔

اس پوری دستاویز کے دوران، کئی اصطلاحات، جو ارلی انٹروینشن میں عام ہیں، استعمال کی گئی ہیں۔ اگر آپ کے پاس ان میں سے کسی کے متعلق بھی سوالات ہیں اور آپ کو ان کی تعریف چاہئیے تو اصطلاحات کی فرہنگ کے لیے اس کتابچے کے صفحہ نمبر 13 کو مُلاحظہ کریں۔

## ریاستِ Washington کی Early Support for Infants and Toddlers (اپتدائی مُعاونت برائے شیرخوار اور نونہال) (ESIT)

والدین کے طور پر، اپ اپنے بچے کی زندگی کا اہم ترین حصہ ہیں۔ بچے اپنے پہلے تین سالوں کے دوران تیزی سے بڑھتے اور تبدیل ہوتے ہیں۔ اپنے بچے کے بارے میں سوچیں اور یہ کہ وہ کیسے بڑا ہورہا یا بڑی ہورہی ہے۔ آپ اپنے بچے کو بہترین طور پر جانتے ہیں۔ ایسی چیزوں کے بارے میں توجہ دیں کہ آپ کا بچہ کیسے مسکراتا، اوپر بیٹھتا، چلتا، بولتا یا پیالی کو پکڑتا ہے۔ آپ جو دیکھ رہے ہیں، وہ یہ ہے کہ آپ کا بچہ نشوونما کےمُختلف مراحل میں کیسے بڑھ رہا ہے۔ جب کوئی بچہ افزائش میں تاخیر کا شکار ہوتا ہے، تو پوری ریاست میں یہ سروسز یا خدمات دستیاب ہیں۔ Washington اسٹیٹ Early Support for Infants and Toddlers (ارلی سپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز پروگرام) (ESIT)، خاندانوں کو یہ سروسز حاصل کرنے میں مدد دینے کے لیے پوری ریاست میں پھیلی ہوئی کوششوں میں رابطہ کاری کا کام کرتا ہے



## ارلی انٹروینشن یا ابتدائی مداخلت سے کیا مُراد ہے؟

ارلی انٹروینشن نشوونما میں اضافے کی خدمات ہیں، جو سرکاری نگرانی کے تحت اور قدرتی ماحول میں فراہم کی جاتی ہیں۔ انھیں اہل نومولود اور چھوٹے بچوں کی نشوونما کی ضروریات کو پورا کرنے اور والدین کو ان کے بچوں کو بڑھنے اور سیکھنے میں مدد دینے کے عمل میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔

ارلی انٹروینشن (آپ کے بچے کی زندگی کے ابتدائی سالوں میں) درج ذیل چیزوں میں آپ کی مدد کرکے بہت بڑا فرق پیدا کر سکتی ہے:

- اپنے بچے کے لیے درکار سروسز کو تلاش کرنا۔
- اپنے بچے کی نشوونما کی افزائش کو سمجھنا۔
- اپنے بچے کے سیکھنے کے عمل اور افزائش میں، اور گھریلو اور کمیونٹی کی سرگرمیوں میں کامیابی سے شمولیت میں معاونت فراہم کرنا

### ارلی انٹروینشن یا ابتدائی مداخلت کا مقصد کیا ہے؟

ارلی انٹروینشن کا مقصد رابطہ کاری، معاونتوں، وسائل اور خدمات کو فراہم کرکے خاندانوں کی طاقت بڑھانا ہے، تاکہ نشوونما میں تاخیر اور معذوریوں کے شکار بچوں کے روزمرہ کے سیکھنے کے مواقع میں افزائش میں اضافہ کیا جائے۔

خاندانوں کو اپنے بچے کی نگہداشت کے قابل بنانے اور خاندان اور کمیونٹی کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کے قابل بنانے کے لیے، خاندان:

- اپنے حقوق جانیں گے۔
- مؤثر طریقے سے اپنے بچے کی ضروریات کے بارے میں بات چیت کریں گے۔
- اپنے بچے کو بڑھنے اور سیکھنے میں مدد دیں گے۔

بچوں کو کئی مختلف ماحولوں اور صورتوں میں چست اور کامیاب شرکاء بننے میں مدد دینے کے لیے، بچے درج ذیل چیزوں میں بہتری کا مُظاہرہ کریں گے:

- مثبت معاشرتی/جذباتی مہارتیں اور سامجی تعلقات۔
- عِلم اور مہارتیں حاصل اور استعمال کرنا، بشمول زبان اور ابلاغ۔
- ان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے درست رویے کا استعمال۔

### Individuals with Disabilities Education Act (معذور افراد کی تعلیم کا قانون) (IDEA) سے کیا مُراد ہے؟

سن 1986ء میں، کانگریس نے قانون میں ترمیم کی، جسے ابIndividuals with Disabilities Education Act (معذور افراد کی تعلیم کا قانون) (IDEA) کے نام سے جانا جاتا ہے، اور معذوربچوں اور ان کے خاندانوں کے لیے ارلی انٹروینشن کے تمام ریاست میں پھیلے نظاموں کی تیاری اور نفاذ کے لیے ریاستوں کی حوصلہ افزائی کرنے کے لیے ایک پروگرام تخلیق کیا۔ اس قانون نے معذوریوں کے حامل نومولود اور چھوٹی عمر کے بچوں والے خاندانوں کو سروسز یا خدمات فراہم کرنے کے لیے معیارات وضع کیے۔ ہر ریاست ہر سال اس بات کا فیصلہ کرتی ہے، کہ آیا یہ IDEA کی تعریف کے مطابق ارلی انٹروینشن سروسز فراہم کرنا جاری رکھ سکتی ہے یا نہیں۔ Department of Children, Youth, and Families (بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کا ڈپارٹمنٹ) (DCYF) Early Support for Infants and Toddlers (ارلی اسپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز) (ESIT) پروگرام پوری ریاست میں پھیلے ہوئے ارلی انٹروینشن کی خدمات کے نظام میں رابطہ کاری کو چلاتا ہے۔

ارلی انٹروینشن سروسز ہر اہل بچے کی نشوونما کی ضروریات اور اس بچے کی افزائش میں اضافہ کرنے میں شامل خاندان کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے تیار کی گئی ہیں۔

اگر آپ کو ایک سائن لینگویج ترجُمان کی ضرورت ہو تو آپ کو ایک ضرور فراہم کیا جائے گا۔ اگر آپ انگریزی نہیں بولتے، تو آپ کو لازمی طور پر ایک ترجمان فراہم کیا جانا چاہیے، ماسوائے ایسا کرنا واضح طور پر ناممکن ہو۔

# اگر میرے پاس بچّے کی نشوونُما کے بارے میں کوئی سوالات ہیں تو کیا ہوگا؟

اپنے مقامی علاقے میں لیڈ family resources coordinator (فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر) (FRC) کو کال کریں۔ ایف آر سیز FRCs ہر کاؤنٹی یا جُغرافیائی علاقوں میں موجود ہیں۔ ان کا کردار آپ کے خاندان کو وہ ارلی انٹروینشن سروسز حاصل کرنے میں مدد دیتا ہے، جن کی آپ کے بچے کو ضرورت پڑسکتی ہے۔ اپنے مقامی لیڈ FRC کا نام جاننے کے لیے، Family Health Hotline (فیملی ہیلتھ ہاٹ لائن) کے نمبر 2588-322-800-1 پر کال کریں۔ آپ اپنے مقامی ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ یا اسکول ڈسٹرکٹ کو بھی کال کر سکتے ہیں

اپنے خدشات سے متعلق اپنے ہیلتھ کیئر پرووائڈر یعنی اپنی صحت کی نگہداشت کے فراہم کنندہ سے بات کریں۔ وہ آپ کو کوئی اسکریننگ فراہم یا دیگر وسائل تجویز کر سکتا یا سکتی ہے۔ اگر آپ کے پاس ایک ڈاکٹر نہیں ہے اور مزید معلومات یا مدد چاہتے ہیں، تو اوپر بیان کردہ Family Health Hotline (فیملی ہیلتھ ہاٹ لائن) کے نمبرپر کال کریں۔ ارلی انٹروینشن سروسزمیں جانے کے لیے آپ کو ایک مُعالج کے حوالے یا سفارش کی ضرورت نہیں۔ ایک والدین کی حیثیت سے آپ خُود حوالہ دے سکتے ہیں۔

## ایک اسکریننگ سے کیا مُراد ہے؟

اسکریننگ سے مُراد اس بات کا فوری جائزہ لینا ہے کہ آپ کا بچّہ کیسے سیکھ رہا اور نشوونُما پا رہا ہے۔ اسکریننگز کا عمل تربیت یافتہ افراد کے ذریعے کیا جاتا ہے تاکہ اِس بات کا تعین کیا جائے کہ آپ کا بچّہ کیسے نشوونُما پارہا ہے۔ اگر آپ کے بچے کی افزائش ایک فکر کی وجہ ہے تو آپ کا FRC اس بارے میں معلومات کا اشتراک کر سکتا ہے کہ آپ اپنے بچے کے لیے ایک تشخیص کیسے حاصل کر سکتے ہیں۔



## ایک تشخیص سے کیا مُراد ہے؟

ایک تشخیص آپ کے بچے کی نشوونما کے بارے میں گہری تفصیالت فراہم کرے گی۔ تشخیص کا عمل آپ، آپ کے بچے اور ارلی انٹروینشن کے ماہرین کے ساتھ کیا جاتا ہے۔

تشخیص، فروغ کے ان تین حلقوں میں دیکھی جاتی ہے:

- ادراکی- سیکھنے کی صلاحیت اور یہ کہ آپ کا بچّہ کیسے سِیکھتا ہے۔
- جِسمانی- حرکت کرنے، دیکھنے اور سُننے کی صلاحیت
- تبادلۂِ خیال- زبان کو سمجھنے اور اپنی ضروریات کو بیان کرنے کی صلاحیت
- معاشرتی یا جذباتی – دوسروں کے ساتھ نسبت کرنے کی صلاحیت
- مُطابقت کی مہارتیں- کپڑے پہننے، کھانا کھانے اور اپنی دیکھ بھال کرنے کی صلاحیت۔

ایک تشخیص یہ دیکھنے کا طریقہ ہے کہ آیا آپ کا بچہ ارلی انٹروینشن سروسز کےلیے اہل ہے یا نہیں۔ تشخیص صرف آپ کی تحریری اجازت کے ساتھ ہوگی اور آپ سےاس کی کوئی قیمت نہیں لی جائےگی۔

## تشخیصی منصُوبہ بندی کے لیے تجاویز:

- مدد کے لیے اپنے فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر (FRC) سے کہیں۔
- اپنے بچے کی نشوونما کے متعلق کسی قسم کے سوالات یا خدشات ساتھ لائیں۔
- ایسی تمام معلومات کا اشتراک کریں، جو آپ سمجھتے ہیں کہ اہم ہیں: طبی ریکارڈز، ایک بے بی بک، افزائشی چارٹ یا دیگر رپورٹیں۔
- فیصلہ کریں کہ آپ کے خاندان کے لیے کون سے اوقات اور مقامات آسان رہیں گے۔
- اگر آپ چاہیں تو دیگر اہلِ خانہ، ایک دوست یا مُعاون فرد کو مدعُو کرلیں۔
- اگر آپ کو کسی قسم کے ترجمان یا دیگر معاونت درکار ہے، تو اپنے FRC کو اطلاع دیں۔

معائنے یا تشخیص کے بعد، آپ اور ٹیم کے دیگر اراکین اس بارے میں بات کریں گے کہ آپ کا بچہ کیا کر رہا ہے اور وہ کسی قسم کے خدشات کی شناخت کریں گے۔ اگر تاخیر کے مسائل موجود ہیں، تو آپ کا بچہ ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے اہل ہو سکتا ہے۔ آپ کو اختیار ہے کہ اِن خِدمات کو حاصِل کریں یا نہ کریں۔



# Washington میں ارلی انٹروینشن کے لیے کون اہل ہے؟

اہل ہونے کے لیے ایک بچہ میں 25 فیصد تاخیر ہونی چاہیے یا اسے ایک یا زائد نشوونُما کے مقامات پر اپنی عمر کے مطابق 1.5 معیاری انحراف ظاہر کرنا چھاہیے۔ ایک بچہ اس وقت بھی اہل یوسکتا یا سکتی ہے، جب اسے کوئی جسمانی یا ذہنی مسئلہ ہو، جیسے کہ ڈاؤن سنڈروم، جو نشوونُما میں تاخیر کا سبب بننے کے لیے جانا جاتا ہے۔

## ایک جائزہ کیا ہے؟

ایک جائزہ، آپ، آپ کے بچے کو جاننے والے دیگر لوگوں اور ان طریقِ کاروں سےحاصل ہونے والی معلومات کا مجموعہ ہے، جو ارلی انٹروینشن کے فراہم کنندہ کئی عمومی معلومات اورسرگرمیوں میں آپ کے بچے کے رویے اور نشوونُما کو سمجھنےکے لیے استعمال کر سکتے ہیں ایک جائزہ یہ دیکھتا ہے کہ آپ کا بچہ کیسے سیکھتا ہے، وہ کیسے دُوسروں کے ساتھ نسبت رکھتا ہے اور اسے کیا پسند ہے اور ساتھ ہی ساتھ اُسے کیا چیز پریشان کن یا مشکل لگتی ہے۔ جائزے کی معلومات آپ اور آپ کی ٹیم کو اس بات کا فیصلہ کرنے میں مدد کرے گی کہ آپ کون سے نتائج (تبدیلیوں) پر کام کرنا چاہتے ہیں اور کون سی سروسز اور معاونتیں ان نتائج کو حاصل کرنے میں مدد کر سکتی ہیں

ایک جائزے میں آپ کے بچے کے نتائج کے حصول کے لیے پیش رفت کا تعین کرنے اور اس بات کو یقینی بنانے، کہ آپ کو موصول ہونے والی سروسز اور معاونتوں سے آپ کے بچے کو پیش رفت کرنے میں مدد مل رہی ہے، اس کے لیےجاری شدہ طریقِ کار بھی شامل ہے۔

# اُس کے بعد کیا ہوگا؟

## Individualized Family Service Plan (انفرادی خاندانی خِدمت کا منصُوبہ) (IFSP)

اگر اہل پایا گیا، تو آپ کے بچّے کو IDEA ارلی انٹروینشن خِدمات موصُول ہوسکتی ہیں۔ آپ کی اپنے family resources coordinator (فیملی سروسز کوآرڈینیٹر) (FRC) اور دیگر سروسز کے فراہم کنندگان کےساتھ ایک میٹنگ ہو گی۔ آپ کا خاندان، دیگر لوگوں کے ساتھ مل کر ایک منصوبہ لکھے گا، جسے Individualized Family Service Plan (انفرادی خاندانی خدمت کا منصوبہ) (IFSP) کہا جاتا ہے۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اپنے FRC کے ساتھ مل کر کام کریں کہ منصوبہ آپ کے خاندان کے خدشات، دلچسپیوں اور اقدار کی عکاسی کرتا ہے۔

سروسز یا خدمات اس وقت شروع ہوتی ہیں، جب آپ IFSP پر متفق ہو جائیں اور سروسز کے لیے اپنی رضامندی دے دیں۔

آئی ایف ایس پی IFSP ایک مسلسل عمل ہے، جو آپ کے بچے اور خاندان کی بدلتی ہوئی ضروریات کو پورا کرتا ہے۔ اس پر چھ ماہ بعد نظرثانی کی جاتی ہے اور یہ سالانہ بنیادوں پر دوبارہ تحریر کیا جاتا ہے۔



ایک آئی ایف ایس پی IFSP میں یہ شامل ہے:

- **فعالیت کے موجُودہ درجات** – آپ کا بچّہ ابھی کیا کررہا ہے۔
- **خاندان کا ایک بیان** – خاندان کے خدشات، ترجیحات اور وسائل کے بارے میں ایک بیان؛ آپ کے خاندان کا بیان IFSP کا ایک اہم حصہ ہے مگر آپ اسے نہ رکھنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- **نتائج** – وہ تبدیلیاں، جو آپ اپنے بچے اور خاندان کے لیے دیکھنا چاہتے ہیں۔
- **درکار ارلی انٹروینشن سروسز** – وہ کس کرثت سے اور کرنی دیر کے لیے، کہاں ہوں گی اور ان کے لیے ادائیگی کون کرے گا (ارلی انٹروینشن سروسز کے لیے فنڈ کے کئی ذرائع ہیں)۔ اگر آپ ارلی انٹروینشن پروگرام میں شریک ہو رہے ہیں، تو آپ خُود کو پیشکش کردہ کسی بھی سروس کو قبول یا رد کر سکتے ہیں (ماسوائے فیملی ریسورس کوآرڈینیٹر)۔
- **قُدرتی ماحول** – ان قدرتی ماحولوں کا ایک بیان، جن میں ارلی انٹروینشن سروسز شامل کی جائیں گی۔ اگر سروسز یا خدمات قدرتی ماحول میں فراہم نہیں کی جائیں گی تو آئی ایف ایس پیز IFSPs کو ایک حریری معقول وجہ شامل کرنی چاہیے
- **معین دورانیہ** – سروسز کب شروع اور ختم ہوں گی اور کب آپ اپنے منصوبے کو دوبارہ دیکھیں گے۔
- **دیگر ایسی رسوسز جو IDEA کے تحت فنڈ یافتہ نہیں ہیں** – آپ کو ان خدمات کو تلاش کرنے میں کون مدد کر سکتا ہے۔
- **ایک family resources coordinator (فیملی سروس کوآرڈینیٹر) (FRC)** – جو آپ کے منصوبے میں نامزد ہو۔
- **تین 3 سال کی عمر سے پہلے منتقلی کا ایک منصوبہ** – آپ کے بچے کے 3 سال کے ہونے سے پہلے سروسز کی تلاش اور منصوبہ بندی۔

اگر آپ چاہیں تو دیگر اہلِ خانہ، ایک دوست یا مُعاون فرد کو مدعُو کرسکتے ہیں۔ اپنے بچے کے متعلق کسی قسم کی ایسی معلومات ساتھ لائیں، جو آپ سمجھتے ہیں کہ اہم ہے۔



# تِین 3 سال کی عُمر ہوجانے پر کیا ہوگا؟

آپ کے بچے کے 3 سال کے ہونے سے کم از کم چھ سے نو مہینے پہلے، آپ کا family resources coordinator (فیملی سروسز کوآرڈینیٹر) (FRC) آپ کو اپنے بچے کو خدمات فراہم کرنے کے لیے اگلے سروس کے فراہم کنندہ یا ایجنسی پر منتقل ہونے کی منصوبہ بندی میں مدد فراہم کرے گا۔ اس سے یہ تبدیلی آسکتی ہے کہ خِدمات کو کہاں اور کیسے فراہم کیا جائے۔ ارلی انٹروینشن میں اَس تبدیلی کو ٹرانزیشن یا مُنتقلی کہا جاتا ہے۔ آئی ڈی ای اے IDEA کو اس منتقلی کے لیے ایک تحریری منصوبہ درکار ہوتا ہے۔ آپ کا منتقلی کا منصوبہ خصوصی تعلیم یا دیگر ایسی کمیونٹی پر مبنی خدمات کی شناخت کرے گا، جن کی آپ کے بچے کو ضرورت پڑ سکتی ہے۔

آپ کا FRC آپ سے اجازت نامے کے ایک فارم پر دستخط کرنے کا کہے گا، تاکہ اگلی ایجنسی یا سروس فراہم کنندہ سے منتقلی کے لیے منصوبہ بندی کے لیے رابطہ کیا جا سکے۔ آپ، آپ کے FRC، سروس یا خدمت کے فراہم کنندگان اور مقامی اسکول ڈسٹرکٹ کے درمیان ایک میٹنگ کا اہتمام کیا جائے گا

اسکول ڈسٹرکٹ اس بات کا تعین کرتا ہے، کہ آپ کا بچہ پری اسکول میں خصوصی تعلیم کی خدمات کے لیے اہل ہے یا نہیں۔ وہ آپ کے ساتھ اپنے ٹیسٹوں کے نتائج کے بارے میں گفتگو کریں گے اور آپ کو اپنے حقوق کے بارے میں معلومات دیتے ہیں۔ اگر آپ کا بچہ اہل ہے، تو انہیں ایک انفرادی تعلیمی پروگرام (IEP) کے ذریعے خدمات فراہم کی جائیں گی۔

اگر آپ کا بچہ خصوصی تعلیم کی پری اسکول کی سروسز یا خدمات کے لیے اہل نہیں ہے، تو آپ کا FRC آپ کو دیگر ممکنہ سروسز میں منتقل ہونے کی منصوبہ بندی کرنے میں مدد دے گا

## منتقلی کی میٹنگ کے لیے تجاویز:

- مجوزہ تبدیلی کے متعلق جتنی ممکن ہو سکے، معلومات جمع کریں۔
- پروگرام کے ممکنہ انتخابات یا پسندوں کے بارے میں پوچھیں۔
- پوچھیں کہ نیا پروگرام خاندانوں کو کس قسم کی تربیت اور معاونت کی پیشکش کرتا ہے۔
- تبدیلی سے پہلے پروگرام کا دورہ کریں۔
- تحریری مواد مانگیں اور نئے پروگرام میں داخل ہونے اور شرکت کرنے کے طریقِ کار کے بارے میں جانیں۔
- نئے پروگرام کو اپنے بچے کے بارے میں جتنی زیادہ معلومات ممکن ہو سکیں، فراہم کریں۔

# Individuals with Disabilities Education Act (معذورافراد کی تعلیم کے قانُون) (IDEA) کے تحت میرے حُقوق کیا ہیں؟

(طریقِ کار کے حِفاظتی اقدامات)

زیادہ تر قوانین میں شہریوں کے لیے حقوق شامل ہوتے ہیں اور IDEA بھی اس حوالے سے مختلف نہیں ہے۔ آپ کا family resources coordinator (فیملی ریسورسز کو آرڈینیٹر) (FRC) آپ کو "Individuals with Disabilities Education Act (معذوری کے شکار افراد کی تعلیم کا قانون) (IDEA) کے حصہ C کے پروسیجرل سیف گارڈز یعنی طریقِ کار کے حفاظتی اقدامات دے گا جو آپ کے حقوق کے بارے میں وضاحت کرتا ہے۔

## آئی ڈی ای اے IDEA کے تحت آپ کے حقوق کی مثالوں میں آپ کے درج ذیل حقوق شامل ہیں:

- اپنے بچے کے لیے بنیادی اور حتمی فیصلہ ساز بننا۔
- رسائی کی خِدمات جن میں یہ شامل ہیں:
  - تفکرات کا ابتدائی شناخت/چائلڈ فائنڈ
  - ایک بروقت کثیر شعبہ جاتی تشخیص اور جائزہ
  - اپنے بچّے کی اہلیت کا تعین کرنا
  - فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر/کوآرڈینیشن

## اگر آپ کا بچّہ اہل ہےتو آپ کے پاس یہ حق ہے کہ:

- ایک Individualized Family Service Plan (انفرادی خاندانی خدمت کا منصوبہ) (IFSP)
- ایک ایف آر سی FRC کے ساتھ جاری خاندانی وسائل کی ہم آہنگی، جب تک آپ کے بچّے کی تیسری سالگرہ نہ آجائے۔
- ایک مختلف فیملی ریسورس کوآرڈینیٹر (FRC) کا مطالبہ کرنا۔
- اپنے بچے کی نشوونُما سے متعلقہ ارلی انٹروینشن سروسز کو وصول کرنا۔
- ان IFSP کے عمل کے ذریعے طے کردہ آپ کے بچے اور خاندان کو موصول ہونے والی خدمات کو قبول یا رد کرنا۔
- آئی ایف ایس پی IFSP ٹیم کی جانب سے سفارش کردہ کچھ سروسز یا خدمات کو رد کرنا اور پھر بھی دوسری سروسزکا موصول ہونا (ماسوائے FRC رسوسز)۔
- اپنے بچے کی ارلی انٹروینشن خدمات اور اُن کی فراہمی میں تبدیلیوں سے متعلق تمام میٹنگز میں شرکت کرنا۔
- ایک ایسے وقت اور مقام پر میٹنگز کا انعقاد کرنا، جو آپ کے خاندان کے لیے قابل اتفاق ہو۔
- نوٹسز اور IFSP دستاویزات اپنی مادری زبان یا آپ کے گھر میں استعمال ہونے والے رابطے کے طریقے میں موصول کرنا۔



## آپ کے خاندان کے متعلق معلومات رازدارانہ ہے۔
## آپ کو یہ حق حاصِل ہے کہ:

- آپ کی ذاتی اور قابل شناخت معلومات کے بارے میں رازداری، بشمول:
  - آپ کے بچے، آپ کا اپنا اور خاندان کے دیگر افراد کے نام۔
  - آپ کے بچّے کا پتہ۔
  - ذاتی خصوصیات یا دیگر معلومات جو آپ کے بچے کی مناسب معقولیت سے شناخت کرنا مُمکن بناسکتی ہیں۔
- رازداری کی حفاظت کے متعلق مقامی پالیسیوں اور عمل درآمد کی درخواست کرنا۔
- معلومات یا ریکارڈز کے تبادلے یا شریک کیے جانے کے لیے باخبر تحریری رضامندی دینا۔

والدین/خاندان کے حقوق کے علاوہ، بچوں کے پاس رضاعی والدین کا حق موجود ہوتا ہے، اگر:

- کِسی والدین کی شناخت نہ کی جاسکتی ہو۔
- خدمات کا فراہم کُنندہ/عوامی ایجنسی، معقول کوششوں کے بعد بھی والدین میں سے کسی کی موجودگی کی جگہ دریافت نہ کرپائیں۔
- بچّہ ریاست کی سرپرستی میں ہو۔





## آپ کے پاس اپنے بچے کے ارلی انٹروینشن ریکارڈز کے حوالے سے بھی حفاظتی اقدامات موجود ہیں۔ اِن میں آپ کے درج ذیل حق شامِل ہیں:

- ریکارڈز کی نظرثانی کرنا اور ریکارڈز میں ترمیم کی درخواست کرنا۔
- ریکارڈز کی نقُول وصُول کرنا۔
- پروگرام میں جمع کیے جانے، برقرار رکھے جانے والے، یا استعمال کیے جانے والے ریکارڈز کی اقسام اور مقامات اور اس پروگرام میں کن لوگوں کے پاس ان ریکارڈز تک رسائی حاصل ہے اور وہ کب یہ ریکارڈز دیکھتے ہیں، اس کے بارے میں آگاہ کیا جانا۔
- اِس بارے میں معلومات کی درخواست کرنا کہ کس نے ریکارڈز یا ریکارڈز کی نقول دیکھی ہیں۔
- کسی ریکارڈ میں ایسی معلومات پر سوال اٹھانا، جو آپ سمجھتے ہوں کہ وہ غلط یا گمراہ کن ہے یا آپ کے بچے یا خاندان کی پرائیویسی یا حقوق کی خالف ورزی کرتی ہے۔ آپ کے بچے کی ارلی انٹروینشن رسوسز میں، دوسری چیزوں سمیت، یہ شامل ہیں:
  - اسکریننگ کی رپورٹس
  - تشخیصی رپورٹس
  - جائزے کی معلومات
  - اہلیت کا تعین
  - وہ تمام معلومات جو آئی ایف ایس پی IFSP کا حِصّہ ہے۔

# اگر میں اپنے بچے یا خاندان کی خِدمات کے حوالے سے کسی فیصلے سے اتفاق نہ کروں، تو کیا ہو گا؟

براہِ مہربانی مسئلے کے متعلق اپنے family resources coordinator (فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر) (FRC) سے رابطہ کریں۔ اگر یہ کارآمد ثابت نہ ہو یا آپ پُرسکون محسوس نہیں کرتے، تو آپ درج ذیل آپشنز میں سے کوئی یا تمام کو استعمال کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

- **ثالثی** – کسی تنازعے کو حل کرنے میں مدد دینے کے لیے آپ کو بغیر کسی خرچ کے ثالثی فراہم کی جائے گی۔ ثالثی رسمی انتظامی سامعت کے متبادل کے طور پر پیشکش کی جاتی ہے۔ ثالثی ایک رضاکارانہ عمل ہے۔
- **مُشاورتی خِدمات** – یہ ایسے پروگرام ہیں، جو آپ کو معلومات فراہم کریں گے اور آپ کو مسئلے کے حل کی منصوبہ بندی میں دیں گے۔ مُشاورت کی ایک تنظیم PAVE ہے (صفحہ 11 دیکھیں) آپ کا FRC آپ کو آپ کے علاقے کی سروسز کے بارے میں معلومات فراہم کر سکتا ہے۔
- **لازم عملی سماعت(کاروائی)** – یہ ایک رسمی سامعت یا کارروائی ہے، جو انتظامی سامعتوں کے افرس کی جانب سے کی جاتی ہے۔ انتظامی سماعت کے لیے ایک درخواست کو تحریری ہونا چاہیے اور اس میں شکایت شامل ہونی چاہیے۔ درخواست میں ارلی انٹروینشن سروسز کے ڈائریکٹر یا اپنے مقامی ارلی انٹروینشن رسوسز کے ٹھیکدار کو مخاطب کریں۔ آپ کا ایف آرسی FRC آپ کو اُن کے نام اور پتے دے سکتا ہےیا آپ یہاں ای میل کرسکتے ہیں **esit@dcyf.wa.gov** اور مدد طلب کرسکتے ہیں۔

والدین میں سے کوئی بھی، دیگر کوئی شخص یا تنظیم، انتظامی شکایت درج کروا سکتے ہیں، اگر وہ سمجھتے ہیں کہ کوئی ایجنسی یا ارلی انٹروینشن سروسز فراہم کنندہ قانون کے کسی تقاضے کی خالف ورزی کر رہے ہیں۔ شکایت کو تحریر کرنا اور اس پر دستخط کرنا ضروری ہے اور اس میں شکایت کے بارے میں حقائق شامل کرنا لازم ہیں۔

شکایت کو یہاں بھیجیں:

**Early Support for Infants and Toddlers (ارلی سپورٹ فور انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز)**
**Department of Children, Youth, and Families (شعبہ ءِ اطفال، نوجواں اور خاندان)**
PO Box 40970
Olympia, WA 98504-0970

شکایت کا 60 دن کے اندر جائزہ لیا جائے گا اور جواب لکھا جائے گا۔



## مَیں مزید مدد یا معلومات حاصل کرنے کے لیے کہاں جا سکتا/سکتی ہوں؟



درج ذیل تنظیمیں اور گروہ مزید معلومات، مدد اور معاونت فراہم کر سکتے ہیں:

**Family Health Hotline (فیملی ہیلتھ ہاٹ لائن)**
1-800-322-2588
**www.withinreachwa.org**

یہ ہاٹ لائن، ارلی انٹروینشن کے سرکاری اور نجی وسائل پر تازہ ترین معلومات برقرار رکھتی ہے، بشمول Family Resources Coordinators (فیملی ریسورس کوآرڈینیٹرز) (FRCs)۔ اس میں حفاظتی ٹیکوں، غذا اور Washington میں بچوں کی نگہداشت کی دیگر سروسز کے متعلق معلومات بھی شامل ہے۔

---

**Department of Children, Youth, and Families (بچوں، نوجوانوں اور خاندانوں کا شعبہ) (DCYF)**
**Early Support for Infants and Toddlers (شیرخواروں اور نونہالوں کے لیے ابتدائی معاونت) (ESIT) کا پروگرام**
ای میل: **esit@dcyf.wa.gov**
**www.dcyf.wa.gov**

یہ پوری ریاست میں پھیلے IDEA، حصہ C کی ارلی انٹروینشن سروسز کے نظام کو چلاتا ہے۔

---

**والدین بہ والدین**
1-800-821-5927
**www.arcwa.org**

پوری ریاست میں پھیلا ہوا والدین کا ایک نیٹ ورک، جو ایسے والدین کو جذباتی معاونت اور معلومات فراہم کرتا ہے، جن کے چھوٹے بچے معذوریوں یا نشوونُما میں تاخیروں کا شکار ہیں۔

---

**Washington اسٹیٹ فادرز نیٹ ورک**
425-747-4004 ایکسٹینشن 218
**https://fathersnetwork.org**

یہ نیٹ ورک تمام خصوصی ضروریات کے حامل بچوں والے مردوں اور خاندانوں کے لیے معاونت اور وسائل کی حمایت کرتا اور اُن کی فراہمی کو ممکن بناتا ہے۔

---

**Washington PAVE (Partnerships for Action, Voices for Empowerment) (اقدام کے لیے شراکت داری، بااختیار بننے کے لیے آوازیں)**
1-800-5PARENT
**wapave.org**

ریاست بھر کے لیے والدین کا تربیتی اور معلوماتی مرکز جو ایسے خاندانوں کو معاونت فراہم کرتا ہے جن کے ہاں کسی بھی عمر کے معذور بچے موجود ہیں۔

# مَیں مزید شمُولیت کیسے اِختیار کرسکتا/سکتی ہُوں؟


آپ اپنے بچے کے لیے پروگراموں اور رسوسز کی منصوبہ بندی اور تیاری میں اہم کردار کے حامِل ہیں۔ آپ اس چیز کی منصوبہ بندی میں بھی حصہ لے سکتے ہیں کہ آپ کی کمیونٹی کیسے سروسز یا خدمات فراہم کرتی ہے۔

یہ منصوبہ بندی کاؤنٹی کے درجے پر County Interagency Coordinating Councils (کاؤنٹی انٹرایجنسی کوآرڈینیٹنگ کونسلز) (CICCs) کے ذریعے کی جاتی ہے۔ ہر سی آئی سی سی CCIC کے لیے یہ درکار ہے کہ وہ کونسل میں والدین کو ممبران کے طور پر شاِل کریں۔ تمام دیگر ممبران کے ساتھ مِل کر والدین کو یہ فیصلہ کرنے میں مدد مِلتی ہے کہ خدمات کو کس طرح بہترین انداز میں بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ سی آئی سی سی CICC میٹنگز عوام کے لیے کُھلی ہیں۔

یہاں ایک State Interagency Coordinating Council (اسٹیٹ انٹرایجنسی کوآرڈینیٹنگ کونسل) (SICC) بھی موجُود ہے۔ اِس کونسل میں والدین کی نُمائندگی ہونا ضروری ہے۔ ایس آئی سی سی SICC میٹنگز عوام کے لیے کُھلی ہیں۔ مُلاقات کے اوقاتِ کار اور مقامات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے اپنے فیملی ریسورسز کوآرڈینیٹر، ESIT، سے رابطہ کریں یا یہاں پر ویب سائٹ وزٹ کریں **www.dcyf.wa.gov**.

یہ کتابچہ Washington ریاست Early Support for Infants and Toddlers (ارلی سپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز) پروگرام کا ایک خُلاصہ ہے۔ آئی ڈی ای اے IDEA کے تحت Washington's سے منظُور شُدہ منصُوبے پر مُکمّل تفصیلات کے لیے، یا اپنے CICC یا SICC کے بارے میں مزید معلُومات حاصِل کرنے کے لیے Washington ریاست Early Support for Infants and Toddlers (ارلی سپورٹ فار انفینٹس اینڈ ٹوڈلرز) پروگرام سے یہاں رابطہ کریں **esit@dcyf.wa.gov**.

**www.dcyf.wa.gov**



# اِس کا کیا مطلب ہے؟ (فرہنگ)

### اِنتظامی سماعت
ایک غیر جانب دار شخص، ایک سماعتی افسر، کے ساتھ ایک رسمی طریقِ کار، جو والدین/خاندان اور ایجنسیوں کے ثبوت اور دالائل سنتا ہے اور فیصلہ کرتا ہے کہ کون درست ہے اور کسے کیا کرنا چاہیے۔

### جائزہ
مسلسل عمل، جو اہل پیشہ ورانہ ماہرین ایک بچے کے ارلی انٹروینشن کے تمام تر تجربے کے دوران اس کی منفرد ضروریات ؛ خاندان کے وسائل، ترجیحات اور اس کی نشوومنا سے متعلقہ خدشات؛ اور ان ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ارلی انٹروینشن سروسز کو درکار نوعیت اور حد، ان سب کو شناخت کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔

### مُعاونتی ٹیکنالوجی کے آلات
کوئی بھی ایسی چیز، آلہ یا مصنوعاتی نظام، جسے آپ کے بچے کی مختلف کام کرنے (مثلاً کھانا کھانے، بات چیت کرنے، حرکت کرنے) کی صلاحیت کو بڑھانے، برقرار رکھنے یا بہترکرنے کے لیے استعمال کیا جائے۔

### مُعاونتی ٹیکنالوجی کی خدمات
ایک ایسی سروس یا خدمت، جو معذوری کے حامل کسی بچے کو براہ راست طریقے سے معاونتی ٹیکنالوجی کی ڈیوائس منتخب کرنے، حاصل یا استعمال کرنے میں مدد دیتی ہے۔

### چائلڈ فائنڈ یعنی بچّوں کی تلاش
اِس میں ابتدائی شناخت، اسکریننگ، حوالہ اور ابتدائی خدمات کی ہم آہنگی شامِل ہے۔

### ارلی انٹروینشن یا ابتدائی مداخلت
سروسز یا خدمات کا ایک مجموعہ، سرکار اور نجی ایجنسیوں کی جانب سے فراہم کیا جاتا ہے اور قانونی طور پر اہل بچوں اور خاندانوں کو پیدائش سے لے کر 3 سال کی عمر تک کسی بچے کی افزائش اور نشوونُما کی توانائی کو بڑھانے میں مدد دینے کے لیے تیار کیا گیا ہے.

### تشخیص
اہل پیشہ ورانہ ماہرین کی جانب سے کسی بچے کی ابتدائی اہلیت اور بعد میں اس کو جاری رکھنے کا تعین کرنے کے لیے استعمال ہونے والے عمل، جو ان تمام نشوونُما کے مقامات پر نومولود یا چھوٹی عمر کے بچے کی صورتحال کا تعین کرنے پر مرکوز ہیں؛ ادراکی، سماجی /جذباتی، جسمانی (بشمول بصارت اور سماعت)، تبادلہءِ خیال اور مطابقت کی مہارتیں۔

### فیملی سینٹرڈ کیئر یا خاندان پر مرکُوز نگہداشت
وہ اصول، جو والدین کو فیصلہ سازوں کے طورپر فروغ دیتا ہے اور والدین/پیشہ ورانہ ماہرین کے درمیان شراکت داریاں قائم کرتا ہے۔

### خاندان کا بیان
Individualized Family Service Plan (انفرادی خاندانی خدمت کا منصوبہ) (IFSP) جس میں شامل کردہ خاندان کے خدشات، ترجیحات اور وسائل کے بارے میں خاندان کی جانب سے ایک بیان

### Individualized Family Service Plan (انفرادی خاندانی خِدمت کا منصُوبہ) (IFSP)
اہل بچوں اور خاندانوں کو ارلی انٹروینشن اور دیگر رسوسز فراہم کرنے کا تحریری منصوبہ، جو: (1) خاندان اور درست پیشہ ورانہ ماہرین کی جانب سے مشترکہ طور پر تیار کیا جاتا ہے؛ (2) بچے اور خاندان کے کئی شعبوں کے حوالے سے معائنے جائزے پر مبنی ہوتا ہے؛ (3) اگر خاندان چاہے، تو خاندان کی جانب سے وسائل، ترجیحات اور خدشات کے بارے میں ایک بیان کا حامل ہوتا ہے؛ اور (4) بچے کی نشوونما اور خاندان کی اس کی نشوومناتی رضوریات کو پورا کرنے کی قابلیت کو بڑھانے کے لیے ضروری سروسز کا حامل ہوتا ہے۔

### معذوری سے دوچار شِیرخوار اور نونہال
پیدائش سے لے کر 3 سال کی عمر کے بچے، جو ارلی انٹروینشن رسوسز کے لیے اہل ہیں، کیونکہ وہ درج ذیل میں سے ایک یا زیادہ مقامات پر 1.5 معیاری انحراف یا کم از کم 25 فیصد نشوونُما میں تاخیر کا شکار ہیں: ادراکی، جسمانی، ابالغ، سامجی/جذباتی یا ڈھلنے کی مہارتیں؛ یا جن میں ایسی جسمانی یا ذہنی بیماری کی تشخیص ہوئی ہے، جس کے نتیجے میں نشوونُما میں تاخیر کا زیادہ امکان ہوتا ہے۔

### ثالثی
ایک غیررسمی عمل جس میں ایک تربیت یافتہ، غیرجانبدار شخص فریقین کی مدد کرتا ہے کہ وہ اپنے تنازعات کو حل کریں اور ایک ایسا حل ڈُھونڈیں جو سب طرفین کے لیے اطمینان بخش ہو۔

### کثیرشعبہ جاتی
منظمم اور ہم آہنگ کردہ رسوسز کی فراہمی میں ایک یا ایک سے زیادہ شعبوں یا پیشوں سے تعلق رکھنے والے ماہرین کا شامل ہونا، بشمول معائنے اور جائزے کی رسگرمیاں رس انجام دینا اور IFSP کی تیاری۔

### قُدرتی ماحول
ترتیبات جو اُس بچّے کی عُمر کے ساتھیوں کے لیے غیرجانبدار یا معمول کے مطابق ہیں جن میں کوئی معذوری کا عنصر موجود نہیں۔ اس میں گھر، پڑوس یا کمیونٹی کی ترتیبات شامِل ہوسکتی ہیں۔

### نتائج
تبدیلی کے بیانات جو آپ اپنے بچّے یا خاندان میں ارلی انٹروینشن سروسز کے نتیجے کے طور پر دیکھنا چاہتے ہیں۔ یہ بیانات آپ کے آئی ایف ایس پی IFSP کا حِصّہ ہیں۔

### اسکریننگ
آپ کے بچّے کی نشوونُما کے بارے میں ایک فوری چیک لِسٹ یا سروے تاکہ دیکھا جائے کہ کیا مزید تشخیص کی ضرُورت ہے۔

### تولیتی والدین
مقامی یا ریاستی ایجنسی کی جانب سے مُقرّرکردہ ایک فرد جو ایک والدین یا قانونی سرپرست کی جگہ فیصلہ سازی کے عمل میں ایک بچّے کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرے۔

### ٹرانزیشن پلان یا مُنتقلی کا منصُوبہ
یہ منصوبہ آپ کے بچّے کے لیے تیار کیا گیا جب وہ تین 3 سال کی عُمر میں ارلی انٹروینشن سروسز کو چھوڑتا ہے۔



# اعتراف


دا فیملی گائیڈلائنز ورک گروپ، جو کہ State Interagency Coordinating Council (اسٹیٹ انٹرایجنسی کوآرڈینیٹنگ کونسل) (SICC) کی ایک کمیٹی ہے، اُس نے اِس کتابچے کو تیّار کیا۔

اِس کا مقصد یہ ہے کہ Individuals with Disabilities Education Act (معذوری کے شِکار افراد کے قانُون) (IDEA) کے تحت آنے والی ارلی انٹروینشن سروسز کوسمجھنے کے لیے معذُوری کے شکار شِیرخواروں اور نونہالوں کے والدین کی مدد کی جائے۔

اِس رہنُما کتابچے کی تیّاری میں صرف کیے جانے والے گھنٹوں کے لیے کمیٹی کے ممبران کا بہت شُکریہ:

**Donna White، چیئر**

Department of Health (شعبہءِ صحت)،
ماں اور بچّے کی صحت

**Catherine Davis**

برتھ ٹُو سِکس پروجیکٹ ,Us–Qwed–Eeth
Puyallup قبیلہ
Birth to Six Project

**Heather Hebdon**

Specialized Training of Military Parents
(عسکری والدین کی خصوصی تربیت) (STOMP)
کا پروجیکٹ

**Kathy Hormann**

چائلڈ ڈویلپمینٹ سینٹر، سمنر

**Cassie Johnston**

Washington PAVE،
پیرنٹ پارٹیسیپیشن کوآرڈینیٹر

**Lynne Leeper**

Washington PAVE، پیرنٹ ٹریننگ پروجیکٹ

**Melanie Stafford**

برتھ ٹُو سِکس پروجیکٹ ,Us–Qwed–Eeth
Puyallup Tribe
Birth to Six Project

**Kathy Blodgett، عملہ**

Department of Social and Health Services
(شعبہءِ معاشرتی اور صحت کی خِدمات)،
سابقہ Washington اسٹیٹ انفینٹ ٹوڈلر ارلی
انٹروینشن پروگرام

**Barbie Faubion، عملہ**

Department of Social and Health Services
(شعبہءِ معاشرتی اور صحت کی خِدمات)،
سابقہ Washington اسٹیٹ انفینٹ ٹوڈلر ارلی
انٹروینشن پروگرام


---

اُن تمام دیگر والدین اور ماہرین کا شُکریہ جنھوں نے اپنے تصورات کا اشتراک کیا بشمُول:

**Rita Dickey, Linda Gil, Terri Larson, Kathy Lollar, Julie Martino, Kathie Moudy, Joni Strong, Diana Sandoval and Debbie Yanak.**

میری لینڈ اور پینسلوانیا کی ریاستوں کے لیےخصوصی اظہارِ تشکر جن کے کتابچوں نے Washington کے رہنما کتابچے کے لیے نمونوں کا کام سرانجام دیا۔



ڈی سی وائے ایف *DCYF* نسل، رنگ، جنس، مذہب، عقیدہ، ازدواجی حیثیت، قومی ماخذ، جنسی رجحان، عمر، ویٹران کی حیثیت، یا کسی بھی جسمانی، حسی، یا ذہنی معذوری سے قطع نظر امتیازی سلوک روا نہیں رکھتا اور تمام افراد کے لیے اپنے پروگراموں اور سروسز تک مساوی رسائی فراہم کرتا ہے۔

اگر آپ اس اشاعت کی کسی متبادل فارمیٹ یا زبان میں مفت کاپی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہِ مہربانی *DCYF Constituent Relations* (کانسٹی ٹیوائنٹ ریلیشنز) سے *1-800-723-4831* پر رابطہ کریں یا ***communications@dcyf.wa.gov*** پر ای میل کریں۔


DCYF PUBLICATION FS_0002 | DEL 11-005 UR (07-2023) Urdu